# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عطیہ نقوی
دوسری جماعت کے لئے



# سیشن 1

20 منٹ

- سب سے پہلے ٹیچر الٹ پلٹ کی کہانی دلچسپ انداز میں بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ کہانی سنانے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہانی کے بارے میں ان کے تاثرات پوچھیں۔ کہانی بچوں کو بہتر انداز میں سمجھانے کے لئے ان سے ہلکے پھلکے مندرجہ ذیل سوالات کریں۔
- آپ کے خیال میں کہانی والی بچی کے کمرے میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟
- بچی کو کمرہ صاف کرنے میں کتنا وقت صرف ہوا؟ (جواب کے لئے تصاویر میں دی گئی گھڑی کے اوقات کو مدنظر رکھیں)۔
- بچی کی امی کمرہ صاف دیکھ کر خوش ہوئیں یا نہیں؟
- بچوں سے سوال پوچھیں کہ آپ جس کمرے میں رہتے ہیں اس میں آپ کے ساتھ اور کون رہتا ہے؟
- آپ کا کمرہ کب بکھر جاتا ہے؟ (جب آپ کے دوست آتے ہیں یا جب ماسی نہیں آتی ہے یا جب آپ کے کھلونے بکھر جاتے ہیں۔)

- بچے مختلف جوابات دیں گے۔ ٹیچر تمام جوابات دلچسپی کے ساتھ سنیں۔ اوپر دیئے گئے سوالات اور بچوں کے مختلف جوابات اور تاثرات کو سنتے ہوئے ٹیچر اس بات کی پوری کوشش کریں کہ بار بار چند بچے ہی جوابات نہ دیں۔ بلکہ جو بچے خاموش طبع یا زیادہ دلچسپی نہ لے رہے ہوں ان کو بھی گفتگو میں شریک کرنے کی کوشش کریں۔ مثلاً
- آپ نے نہیں بتایا کہ آپ کے کمرے میں کون رہتا ہے؟
- کیا آپ اکیلے سوتے ہیں۔ اگر بھائی ہیں یا نانی دادی وغیرہ ساتھ ہیں تو کمرے میں ان کا کتنا سامان رہتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔
- ان تمام سوال و جواب کا مقصد تدریس سے زیادہ بچے کی تدریسی عمل میں دلچسپی اجاگر کرنا ہے۔ ایک مرتبہ سبق یا سبق کے موضوع میں بچے کی دلچسپی اجاگر ہوگئی تو ٹیچر کے لئے پڑھانا آسان اور زیادہ موثر ہوجائے گا۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے ''میرا کمرہ'' کے موضوع پر مضمون لکھوائیں۔

گھر کا کام 5 منٹ

- تمام بچے گھر سے سبق کی پڑھائی کرکے آئیں۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھ دیں بچے کاپی میں اتاریں۔

## سیشن 2

- ٹیچر بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور نرمی سے بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔ 7-6 بچوں کو پڑھنے کا موقع دیں۔ ٹیچر پڑھائی کے دوران بات چیت جاری رکھیں۔

20 منٹ

- الٹ پلٹ ایک مرکب لفظ ہے۔ مرکب الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو دو لفظوں کو ملا کر روز مرہ کی بول چال میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ مثلاً

غلط سلط

اوٹ پٹانگ

ادھر ادھر

اٹھا پٹخ

کبھی کبھار

- بچوں کو بھی موقع دیں کہ وہ مرکب الفاظ یا ایسے الفاظ جو دو الفاظ سے مل کر بنتے ہوں وہ بتائیں۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کسی بھی 3 مرکب الفاظ سے جملے بنائیں۔ اس دوران ٹیچر ایک ایک بچے کے پاس جاکر ان کا مضمون بھی چیک کرتی جائیں۔

5 منٹ

- سیشن کے اختتام پر ٹیچر جن بچوں کے مضمون چیک نہیں ہوئے ان کی کاپیاں جمع کریں اور ساتھ ہی مرکب الفاظ کے جملے بھی چیک کریں۔

گھر کا کام

- بچے سبق پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 3

10 منٹ

- ٹیچر 10-8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ ایک بچہ جہاں پڑھنا ختم کرے وہ اگلے بچے کا نام لے اور ٹیچر پھر اسی بچے سے پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ

- اب ٹیچر مندرجہ ذیل دس الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے کاپی میں خوشخط لکھیں۔ ان میں سے کسی چار

کے جملے بنائیں۔

تکیہ   الماری   پینسل   کھلونے   چشمہ   ڈھونڈا   جھٹک   ٹول   پھیلا   انڈیل

15 منٹ

- اب ٹیچر بچوں کے ساتھ treasure hunt کا کھیل کھیلیں۔ کلاس کو دو ٹیموں میں بانٹ لیں۔ ایک ٹیم سے ایک بچے کو کلاس سے باہر بھیج دیں۔ دوسری ٹیم باہر جانے والے بچے کا پینسل باکس یا لنچ باکس کلاس میں کسی جگہ چھپادیں۔ باہر جانے والے بچے کی ٹیم بھی چھپائی جانے والی جگہ دیکھ لیں۔ اب بچے کو بلائیں۔وہ اپنی ٹیم سے جگہ کے بارے میں سوال کرسکتا ہے۔ مگر اس کی ٹیم ہاں یا نہیں میں ہی جواب دے گی۔ مثلاً
- کیا لنچ باکس کلاس کے پچھلے حصے میں ہے؟     ہاں / نہیں
- کیا کسی میز کے نیچے ہے؟     وغیرہ۔
- بچے کو دس سوالوں میں جگہ بوجھ لینی ہوگی ورنہ اس کی ٹیم ہار جائے گی۔اگر بچہ نہ بوجھ سکے تو دوسری ٹیم جیت جائے گی۔ دونوں ٹیم کے بچوں کو موقع دیں۔

نوٹ

- اس قسم کے کھیل کھلاتے وقت ٹیچر تھوڑا بہت شور وغل کلاس میں ہونے دیں۔ کلاس قابو سے باہر نہ ہو۔ تہذیب کے دائرے میں ہنسی اور قائدے کے اندر شور بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارتا ہے۔

## سیشن 4

10 منٹ

- ٹیچر 6-5 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ اس بات کی کوشش کریں کہ اب تک جن بچوں کو پڑھنے کاموقع نہیں ملا ہے وہ ضرور سبق پڑھ لیں۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں کی توجہ کتاب میں دی گئی تصاویر کی طرف کروائیں۔

نوٹ

- (دوسری یا تیسری کلاس کے بچوں کو گھڑی میں ٹائم دیکھنا آتا ہے۔)

- بچوں سے سوال پوچھیں کہ ابا نے بچی سے کمرہ کتنے بجے صاف کرنے کے لئے کہا۔
- بچی نے کتنی دیر میں کمرہ صاف کیا۔
- آپ کے خیال میں بچی نے دن کا کون سا حصہ اپنے کمرے میں گزارا۔
- آپ کو اپنا کمرہ صاف کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے۔

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ پانچ مختلف اوقات دکھاتی ہوئی گھڑیاں بنائیں اور اپنی چھٹی کے دن کی مصروفیات لکھیں مثلاً<br>اتوار۔<br>نو بجے صبح۔ اٹھنے کا وقت اور ناشتے کی تیاری۔<br>صبح کا ناشتہ۔<br>بارہ بجے دوپہر دادی کے یہاں جاتے ہیں یا کوئی بھی پسندیدہ ٹی وی پروگرام کا وقت۔<br>چار بجے شام۔ کرکٹ کا وقت۔ کسی کے ساتھ بازار جانا۔ وغیرہ وغیرہ۔<br>• کام کے دوران ٹیچر مسلسل بچوں کے درمیان گشت کریں۔ پیریڈ کے اختتام پر ٹیچر بچوں کی کاپیاں جمع کرلیں۔ |
| گھر کا کام | • بچے جس کمرے میں سوتے ہیں اس میں رکھی کسی بھی آٹھ چیزوں کی تصاویر بنا کر اور بعد میں امی ابو کی مدد سے ان چیزوں کے نام لکھ کر لائیں۔ |

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • آج پھر کلاس میں باری باری بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ کوشش کریں کہ آج وہ بچے پڑھائی کریں جنھوں نے پہلے نہیں پڑھا ہے۔ |
| 30 منٹ | • اب بچوں سے کہیں کہ آج سب بچے اپنے اپنے اسکول کے بستے خالی کریں گے۔ تاکہ بستے کے اندر کی چیزیں ترتیب اور صفائی کے ساتھ رکھی جائیں۔ اس کے بعد بستے سے نکالی ہوئی چیزوں کی لسٹ بنائیں۔ یہ کام بچے اپنی کلاس ورک کی کاپی میں کریں۔<br>• چیزوں کے ناموں کی ہجے اگر درست نہیں ہے تو کوئی حرج نہیں۔ ٹیچر اس عرصے میں کلاس میں گھوم کر بچوں کو چیک کرتی رہیں۔ اب بستے میں موجود بیکار چیزیں (مثلاً پھٹے کاغذ' کسی سوئٹ یا بسکٹ کا ریپر وغیرہ) کوڑے دان میں ڈال دیں۔<br>• ضروری چیزوں کو دوبارہ صاف ستھرا کرکے بستے میں رکھیں۔ ٹیچر باری باری بچوں کے پاس جا کر ان کی بنائی ہوئی لسٹ کو دیکھیں اور اپنے دستخط کردیں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • کلاس میں بنائی ہوئی لسٹ کو کسی بڑے کی مدد سے صحیح ہجے کے ساتھ لکھ کر لائیں۔ ہدایت ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے کوپی میں اتارلیں۔ |

# الٹ پلٹ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale